
# ایک تہائی سے زائد(34% ) پاکستانیوں کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے کی کمی کے باعث بھوکا رہنا پڑا

اس حوالےسے رائے رکھنے والوں کی شرح دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں 37% اور وہ افراد جنہوں نے ہائی اسکول تک کی تعلیم مکمل نہیں کی اُن میں یہ شرح 36% پائی گئی۔






گزشتہ ایک ہفتے کے دوران کیا کبھی ایسا کوئی دن آیا جب آپ یا آپ کے گھرانے کے کسی فرد کے لیے کھانا ناکافی ہو اور اُسے بھوکا رہنا پڑا ہو؟ میرا گھرانے کے افراد سے مراد وہ تمام افراد ہیں جو ایک جگہ رہتے ہیں اور ایک چولہے سے کھانا کھاتے ہیں ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## معاشرتی

معاشرتی رویے

کھانے کی عادات/ پکانے کی عادات

**ایک تہائی سے زائد (34%) پاکستانیوں کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے کی کمی کے باعث بھوکا رہنا پڑا ، اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں 37% اور وہ افراد جنہوں نے ہائی اسکول تک کی تعلیم مکمل نہیں کی اُن میں یہ شرح 36% پائی گئی۔**


**(گیلپ&گیلانی پاکستان)،**

اسلام آباد)، 04 فروری، 2025

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ایک تہائی سے زائد (34%) پاکستانیوں کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے کی کمی کے باعث بھوکا رہنا پڑا، اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں 37% اور وہ افراد جنہوں نے ہائی اسکول تک کی تعلیم مکمل نہیں کی اُن میں یہ شرح 36% پائی گئی۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" گزشتہ ایک ہفتے کے دوران کیا کبھی ایسا کوئی دن آیا جب آپ یا آپ کے گھرانے کے کسی فرد کے لیے کھانا ناکافی ہو اور اُسے بھوکا رہنا پڑا ہو؟ میرا گھرانے کے افراد سے مراد وہ تمام افراد ہیں جو ایک جگہ رہتے ہیں اور ایک چولہے سے کھانا کھاتے ہیں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 34% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ایسا کوئی دن آیا ہے جب اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کے لیے کھانا ناکافی ہو اور اُنہیں بھوکا رہنا پڑا ہو، جبکہ 65% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ایسا کوئی دن نہیں آیا ہے جب اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کے لیے کھانا ناکافی ہو اور اُنہیں بھوکا رہنا پڑا ہو، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" گزشتہ ایک ہفتے کے دوران کیا کبھی ایسا کوئی دن آیا جب آپ یا آپ کے گھرانے کے کسی فرد کے لیے کھانا ناکافی ہو اور اُسے بھوکا رہنا پڑا ہو؟ میرا گھرانے کے افراد سے مراد وہ تمام افراد ہیں جو ایک جگہ رہتے ہیں اور ایک چولہے سے کھانا کھاتے ہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے:** وہ افراد جنہوں نے ایف اے ( یا اس کے برابر ) تک تعلیم حاصل نہیں کی، اُن میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران بھوکا رہنے کی شرح زیادہ پائی گئی۔ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد کی 36% شرح کا کہنا ہے کہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے کی کمی کے باعث بھوکا رہنا پڑا، یہ شرح ایف اے ( یا اس کے برابر ) تعلیم یافتہ افراد کی شرح سے 10% زیادہ رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی –شہری علاقوں کے اعتبار سے:** دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں بھوکا رہنے کی شرح زیادہ دیکھنے میں آئی۔ جب اُن سے یہ پوچھا گیا کہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران کیا اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو بھوکا رہنا پڑا، تو اس کے جواب میں دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی 37% شرح نے ”ہاں“ کہا، جبکہ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں اس حوالے سے شرح 30% پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 788 خواتین اور مرد حضرات سے 7 تا 12 جنوری 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 4 February 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating
45
years
of Gallup Pakistan
(1980-2025)